

# اپنے اسٹور کو نئے SNAP EBT چپ کارڈز کے لیے ابھی سے تیار کریں

**SNAP کے تمام منظور شدہ خوردہ فروشوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ EMV چپ کارڈز قبول کریں۔**

ورجینیا، صارفین کے فوائد کے تحفظ کی خاطر اپنے SNAP EBT کارڈ کو جدید بناتے ہوئے زیادہ محفوظ EMV چِپ کارڈ میں تبدیل کر رہا ہے۔ یقینی بنائیں کہ آپ کا چیک آؤٹ عملہ یہ جانتا ہو کہ کیا کچھ متوقع ہے اور نئے کارڈز استعمال کرنے والے صارفین کی مدد کیسے کی جائے۔

**1**

**اوائلِ ستمبر**

خوردہ فروشوں کو نئے SNAP EBT چپ کارڈز قبول کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیئے۔ اس کے لیے آپ کو اپنے اسٹور کے POS سسٹم کو اپ ڈیٹ یا اپ گریڈ کرنا پڑ سکتا ہے۔

**2**

**وسط ستمبر**

پائلٹ مقامات پر موجود SNAP صارفین کو چپ کارڈز موصول ہوں گے اور انہیں ترغیب دی جائے گی کہ انہیں فوری طور پر فعال کریں۔

**3**

**اکتوبر - دسمبر**

پورے ورجینیا میں SNAP صارفین کو نئے چپ کارڈز فراہم کیے جائیں گے۔

**4**

**31 دسمبر، 2026**

ورجینیا میں تمام SNAP صارفین کو نئے چپ کارڈز مل جائیں گے۔

### یاددہانیاں:

- نئے کارڈز وصول ہونے پر صارف کے لیے انہیں فعال کرنا ضروری ہوتا ہے۔
- نیا کارڈ فعال ہوتے ہی، یا نیا کارڈ جاری ہونے کے 60 دن بعد پرانا کارڈ غیر فعال ہو جائے گا۔
- یہ ایک ریاست گیر اپ ڈیٹ ہے — نہ کہ اسٹور کا فیصلہ۔

### اگر کسی صارف کو اپنا کارڈ استعمال کرنے میں دشواری ہو:

- تحمل سے کام لیں اور تعاون کریں۔
- پوچھیں کہ کیا آپ کو ورجینیا کا نیا SNAP EBT کارڈ موصول ہو چکا ہے؟
- متبادل طریقے کے طور پر کارڈ پر موجود مقناطیسی پٹی کو استعمال کرنے کی کوشش کریں۔

### اگر کوئی کارڈ مسترد ہو جائے یا کام نہ کر رہا ہو تو کیا کہیں:

*"ورجینیا ریاست بھر میں نئے چپ سے لیس EBT کارڈز متعارف کروا رہا ہے۔ اگر آپ کا کارڈ کام نہیں کر رہا ہے، تو شاید آپ کو اپنا نیا کارڈ ایکٹیویٹ کرنے کی ضرورت ہے۔ رہنمائی یا مدد حاصل کرنے کے لیے، براہِ کرم ورجینیا کے محکمہ برائے سماجی خدمات سے رجوع کریں۔"*

**خوردہ فروشوں کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات**

خوردہ فروشوں کی رہنمائی اور مزید معلومات کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

ورجینیا کا محکمہ برائے سماجی خدمات (VIRGINIA DEPARTMENT OF SOCIAL SERVICES) سے آپ کے کوئی سوالات ہیں؟

ای میل **chipcard@dss.virginia.gov**

VIRGINIA DEPARTMENT OF SOCIAL SERVICES